# کووِڈ ۔ ۱۹ کے مریض سے رابطہ میں آنے والوں کی تلاش

# COVID-19 CONTACT TRACING

ڈاکٹر عبدالرحمٰن پیرزادو

MBBS, DCH,MPH

# حدف

وبا کے دنوں میں کام کے دوران کوویڈ ۔ ۱۹ کے

مریض سے رابطہ میں آنیوالوں کو تلاش کرنے کے

طریقوں سے آگاہی ۔

# مقاصد

اس گفتگو کے بعد شرکا اس بات کا اعادہ کر سکیں گے کہ

* کانٹیکٹ کون ہے

* کوویڈ ۔ ۱۹ کے مریض سے رابطہ میں آنیوالونکی تلاش کیا ھے کانٹیکٹ

مریض سے رابطہ میں آنیوالوں کی تلاش، مرض پھیلنے سے کیسے روکتی ہے

*

*ترجیحات کا تعین کرنا

*کام کے دوران اپنے بچاؤ کا بندوبست

# انتباہ



کوویڈ ۔ ١٩ کے مریض سے رابطہ میں آنے والوں کی تلاش سے متعلق

بنیادی آگاہی هے

اسے پیشہ ورانہ تربیت یا اس کا متبادل نہ سمجھا جائے۔

# کانٹیکٹ کون ہے

کانٹیکٹ وہ فرد ہے جس کی کووڈ ۔ ۱۹ کے تشخیص یافتہ یا شکی شخص سے آمنے سامنے گذشتہ ۱۴ دنوں میں ملاقات ہوئی ہے ۔

یہ فہرست مرتب کرتے وقت ایسے سب افراد کا اندراج کیا جاتا ہے جن کا کووڈ ۔ ۱۹ کے تشخیص شدہ مریض سے علامات ظاہر ہونے سے دو دن پہلے اور ۱۴ دن بعد تک شخصی رابطہ ہوا ہے، چاہے وہ اتفاقی ہی کیوں نہ ہو۔

# کوویڈ ۔ ۱۹کے مریض سے رابطہ میں آنےوالوں کی تلاش کیا ہے

کوویڈ ۔ ۱۹کے مریض سے رابطہ میں آنے والوں کی تلاش ایسا عمل ھے جس

میں ھم ان افراد تک پہنچنے کی تگ و دو کرتے ھیں جن کا مریض سے پچھلے

۱۴دنوں میں شخصی رابطہ ھوا ھو۔

اس عمل سے ھم مرض کے پھلاؤ کو کم کر سکتے ھیں

وبائوں سے نمٹنے کیلئے یہ ایسا سائنسی عمل جس سے بیماری پر قابو پایا جا

سکتا ھے

# مریض سے رابطہ میں آنےوالوں کی تلاش، مرض کوپھیلنے سے کیسے روکتی ہے

مریض سے رابطہ میں آنےوالوں کی تلاش کا حدف یہ ہوتا ہے کہ جتنا جلدی ہو ان

لوگوں تک پہنچا جائے تاکہ مرض کے پھیلاؤ کو کم سے کم کیا جائے ۔

اس طرح سے آپ نئے مریضوں کی جلدی تشخیص کر سکتے  ہیں ۔

اس عمل سے پھیلاؤ میں سستی آئیگی اور مرض سست رفتاری سے بڑھے گا ۔

# تلاش کرنے کے کام میں کون شامل ہو سکتا ہے

ایسے افراد جنہوں نے اس کی باقاعدہ تربیت مکمل کی ہے ۔

کمیونٹی میں کام کرنے والے صحت کارکن ہمیشہ پہلی ترجیح ہوتے ہیں ۔

اس کام کیلئے خاص طور پر مہارت کے حامل افراد کی خدمات بھی حاصل کی
جاتی ہیں جو کوئی سندیافتہ صحت کارکن نہیں ہوتے، لیکن ان کی تربیت ایسے کی
جاتی ہے کہ وہ یہ ذمہ داری بخوبی ادا کر سکیں ۔

ایسا تب کیا جاتا ہے جب عملہ کی کمی واقع ہو ۔

# کمیونٹی میں کام کرنےوالے صحت کارکن کیوں

کیونکہ جہاں یہ نیا مسئلہ ہوا ہے صحت کارکن انہی علاقوں میں تعینات

ہیں -

صحت کارکن علاقہ سے بخوبی واقف ہوتے ہیں -

صحت کارکن لوگوں کی زبان سمجھتے ہیں -

صحت کارکن کے ذریعہ سے مستند معلومات تک رسائی ممکن ہے -

# ترجیحات کا تعین کرنا

پہلی ترجیح ۔

ایسے مریض جو ہسپتال میں داخل ہیں،

ایسے افرادجن کو فرسٹ ریسپانڈرزکہا جاتا ہے ۔

صحت کارکن،

امن و امان پر معمور افراد

ایسے لوگ جو پہلے سے کسی متعدی بیماری میں مبتلا ہیں ۔

تعلیمی ادارے ۔

مسافرخانے وغیرہ ۔

دوسری ترجیح ۔

حاملہ خواتین ۔

اہم شعبوں میں کام کرنیوالے کارکن ۔

ایسے افراد جن کی عمرین ۶۵ سال سے زائد ہیں ۔

تیسری ترجیح ۔

ایسے لوگ جن میں کوویڈ ۔ ۱۹ کی علامات ہیں اور وہ پہلی یا دوسری ترجیح میں شامل نہیں ہیں ۔

چوتھی ترجیح ۔

ایسے لوگ جن میں کوویڈ ۔ ۱۹ کی علامات ہیں اور وہ پہلی سے تیسری ترجیح میں شامل نہیں ہیں ۔

# کام کے دوران اپنے بچاؤ کا بندوبست

ہر ممکن کوشش کیجائے کہ رابطہ فون پرہواور شکی کے گھر نہ جانا پڑ جائے ۔

اگر آپ شخصی رابطہ کرتے ہیں تو آپ خود اور جس سے ملاقات کر رہے ہیں،

دونوں کو خطرہ ہے ۔

اگر شخصی رابطہ ناگزیر ہے تو ملاقات کے وقت تین فٹ کا فاصلہ رکھیں ۔

ایسے بیٹھیں جیسے آپ دونوں کے چہرے آمنے سامنے نہ ہوں ۔

شکی فرد کو چھونے سے اجتناب برتیں ۔

ذاتی بچاؤ کا سامان استعمال کریں ۔

# THANKS

شكريه